A

L.K.No. 903

Paper Code No.8021

اُردو (لازمی)

(Inter-A-2018)

گروپ فرسٹ

پرچہ : II (معروضی طرز)

Inter (Part - II)

وقت : 20 منٹ

Session (2014 - 16) to (2016 - 18)

کل نمبر : 20

BWP-12-G1-18

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C ، D دیے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اُس سوال نمبر کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1 محمد بن قاسم نے بصرہ میں قیام کیا :

(1) (A) پانچ دن (B) دو دن (C) چار دن (D) تین دن

(2) " برہان " کس ڈرامے کا کردار ہے : (A) قرطبہ کا قاضی (B) انار کلی (C) دستک (D) آرام وسکون

(3) کلکتہ کس کی جائے پیدائش ہے : (A) مرزا غالب کی (B) بیگم اختر ریاض الدین کی (C) میر تقی میر کی (D) میر انیس کی

(4) مولانا ظفر علی خاں اخبار نکالتے تھے : (A) نئی دُنیا (B) پیسہ اخبار (C) زمیندار (D) مشرق

(5) مارکونی نے وائرلیس بنانے میں پہلی کامیابی کب حاصل کی : (A) 1875ء (B) 1885ء (C) 1895ء (D) 1865ء

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

(6) وہ حسین ہی نہیں بلکہ شوخ -------- ہے : (A) سی (B) بھی (C) ہی (D) تو

(7) سب عورتوں نے کہا ہم -------- ہیں : (A) آتے (B) آتی (C) آتیں (D) آتا

(8) ماہنامہ " ادبی دُنیا " بند ہو -------- ہے : (A) گئی (B) گئے (C) گیا (D) گئیں

(9) جیسے جیسے وہ مجھ سے دور ہوتے گئے -------- دل سے اُترتے گئے

(A) ایسے ایسے (B) کیسے کیسے (C) جوں جوں (D) ویسے ویسے

(10) میں نے سلمیٰ کی زُلفوں کو لمبا-------- : (A) پایا (B) پائیں (C) پائے (D) پائی

رموزِ اوقاف کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے :

(11) قوسین کی علامت کون سی ہے : (A) " " (B) ( ) (C) ؟ (D) :-

(12) مختصر ٹھہراؤ کو کہتے ہیں : (A) وقفہ (B) رابطہ (C) سکتہ (D) ختمہ

(13) السلام علیکم کے بعد کون سی علامت لگے گی : (A) :- (B) ؟ (C) (،) (D) !

(14) رابطہ کو کہتے ہیں : (A) وقفِ خفیف (B) نصف وقف (C) وقفِ لازم (D) فجائیہ

(15) جہاں کسی چیز کی تفصیل بیان کرنا مقصود ہو وہاں یہ علامت استعمال ہوتی ہے :

(A) :- (B) : (C) " " (D) ( )

امدادی افعال : درست جملے کی نشاندہی کریں۔

(16) دینا : (A) اس نے مجھے انعام دیا۔ (B) ڈاکیے نے آج خط دیا۔ (C) اسلم نے اُدھار رقم دی۔ (D) میں نے اُسے سمجھا دیا۔

(17) لینا : (A) اس نے اپنا انتقام لیا۔ (B) وہ پرس لے اُڑا۔ (C) یہ رقم رکھ لیجیے۔ (D) امجد نے نئی گاڑی لی۔

(18) ڈالنا : (A) خط لیٹر بکس میں ڈال دو۔ (B) صنم نے مار ڈالا۔ (C) جیب میں رقم ڈالو۔ (D) گلاس میں پانی ڈالو۔

(19) نکلنا : (A) کلاس سے نکل جاؤ۔ (B) امجد نے مجھے کمرے سے نکال دیا۔ (C) وہ جانبِ منزل چل نکلا۔ (D) مریض کا دم نکل گیا۔

(20) رہنا : (A) وہ ایک مدت سے یہاں رہتا ہے۔ (B) اب رہنے بھی دو۔ (C) اسلم کرائے کے مکان میں رہ رہا ہے۔ (D) آرام سے رہو۔

ParhloPakistan.com

BWP-12-G1-18

| رول نمبر | 903 - 29000 | گروپ فرسٹ |
| --- | --- | --- |
| اُردو لازمی (انشائیہ) | Inter-A-2018 | Inter (Part - II) |
| وقت 2:40 گھنٹے | سیشن (2014 - 16) to (2016 - 18) | کل نمبر : 80 |

﴾ ہدایت ﴿ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کریں۔☆

حصہ اول

سوال نمبر 2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے، شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 1 + 8

(الف)
ترا شباب امانت ہے ساری دُنیا کی — تو خارزار جہاں میں گلاب پیدا کر
سکون خواب ہے بے دست و پا ضعیفی کا — تو اضطراب ہے خود اضطراب پیدا کر

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10) = 1 + 3 + 3 + 3

عشرتِ قتل گہِ اہلِ تمنا مت پوچھ — عید نظارہ ہے شمشیر کا عُریاں ہونا
لے گئے خاک میں ہم داغِ تمنائے نشاط — تو ہو اور آپ بہ صد رنگ گلستاں ہونا
کی مرے قتل کے بعد اُس نے جفا سے توبہ — ہائے اُس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

حصہ دوم

سوال نمبر 3 سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (15) = 1 + 1 + 3 + 10

(الف) عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کی حکومت و سلطنت کا اصلِ اصول مساوات اور جمہوریت تھا۔ یعنی یہ کہ تمام لوگ یکساں حقوق رکھتے ہیں اور بادشاہ کو کسی پر کسی قسم کی ترجیح حاصل نہیں۔ صرف ملکی اُمور میں نہیں بلکہ معاشرت اور ذاتی زندگی میں بھی عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ اس کا لحاظ رکھتے تھے۔

(ب) مولوی نذیر احمد بڑے غیور آدمی تھے۔ سسرال والے خاصے مَرفہُ الحال تھے، مگر انہوں نے اسے گوارا نہ کیا کہ سسرال والوں کے ٹکڑوں پر پڑ رہیں۔ جب اُن کی شادی ہوئی تو غالباً پندرہ روپے کے ملازم تھے۔ اسی میں الگ ایک کھنڈ لا لے کر رہتے تھے۔ میں نے بڑی بوڑھیوں سے سُنا ہے کہ ان کے گھر میں صرف ایک ٹوٹی ہوئی جوتی تھی۔ کبھی بیوی ان لیتروں کو ہلگا لیتیں کبھی میاں۔

سوال نمبر 4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 9

(الف) ہوائی (ب) ایوب عباسی

سوال نمبر 5 مولانا حالی کی شاملِ نصاب نظم " اسلامی مساوات " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

سوال نمبر 6 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(الف) میرا پسندیدہ شاعر (ب) منشیات ایک لعنت (ج) تعلیمِ نسواں

سوال نمبر 7 دوست کے نام خط لکھیے جس میں اس کی والدہ کی وفات پر اظہارِ تعزیت کیجیے۔ (10)

---------☆☆☆☆☆---------

13-4-2018

ParhloPakistan.com